# THE BAITUSSALAM BULLETIN

16 June to 15 July 2018 ┆ 01 Shawwal to 01 Dhul Qadah ┆ Vol-3, Issue 12 -13

Baitussalam.org   Baitussalam_org   Baitussalam_org   UAN: 021-111-298-111








NEWS & VIEWS

## Rohingya refugee exhibition to tour Scotland

Almost 700,000 Rohingya refugees have fled Burma since last year amid reports of extreme violence and now live in poverty in giant refugee camps.



A photographic exhibition of Rohingya refugees in Bangladesh is to tour Scotland to raise awareness of their plight. This project is being supported by SCIAF and Justice and Peace Scotland and opened at St Andrew's Cathedral in Glasgow on World Refugee Day. Almost 700,000 Rohingya refugees have fled Burma since last year amid reports of extreme violence and now live in poverty in giant refugee camps. The person organizing the exhibition travelled to the Kutupalong refugee camp in Bangladesh in December to see SCIAF's work with Caritas Bangladesh. The free exhibition will later visit Ayr, Dumfries and Edinburgh.

## Pakistani boy makes history at FIFA World Cup 2018

A 15-year-old Pakistani boy conducted the coin-toss for the match between Brazil and Costa Rica on Friday at the FIFA World Cup 2018 in Russia.



Ahmed Raza, who hails from Sialkot, is the son of Shabbir Ahmed, a football-maker whose family has been hand-stitching footballs for the FIFA World Cup for three generations.

Ahmed is an ardent fan of Neymar Jr and the Brazilian football team. The youngster shook hands with the soccer legends at the time of coin toss.

Ahmed's journey from Sialkot to the FIFA World Cup stadium will also be documented by Coca-Cola.

Pakistan's national football team (men) captain Kaleemullah will also be joining Ahmed on his journey to Moscow for the football tournament.

## Swiss govt rejects proposed burqa ban

Measures against the wearing of Islamic veils have already been taken in Belgium, France, Denmark and Spain.



The Swiss government opposed a grassroots campaign for a nationwide ban on facial coverings in public that will prompt a binding referendum, the latest twist in a Europe-wide crackdown on burqas championed by anti-Muslim activists. The Swiss cabinet said individual cantons should decide on the matter, which nevertheless will go to a nationwide vote under Switzerland's system of direct democracy after activists last year gathered enough public support. Measures against the wearing of Islamic veils have already been taken in Belgium, France, Denmark and Spain, among others, with the Netherlands passing its own ban this week. The Swiss government suggested instead adopting laws that would prevent people from covering their faces when dealing with officials and punish anyone who forced women to conceal their faces with up to three years in jail. The face veil ban will come to a binding referendum after activists last year collected the more than 100,000 signatures required to put the proposal to a national vote.

BAIT-US-SALAM UPDATES

## Baitussalam Welfare Trust: An extremely productive and charitable Ramadan concluded



The Ramadan, 2018 proved to be an extremely busy and successful for BWT in terms of charitable worked carried out especially at the International level.

In a snapshot, 61 containers of eatable and non eatables items were shipped to Turkey for the relief of the Syrian refugees. Forty thousand iftaris were arranged and goods worth 6 crore were sent.

For the relief of the Rohingyan Muslims, eatables worth over 1 crore were sent and almost same was sent for our Palestinian brothers and sisters.

Almost 1 lac pre cooked meals were distributed via Baitussalam Food Bank all over Pakistan through the Baitussalam Quranic centers.

The Nusrat Campaign was successfully run through the Karachi, Lahore, Faisalabad and Islamabad offices.

It is to be noted here that during Ramadan, 5 offices were set up in Karachi along with one each in Lahore, Faisalabad and Islamabad for the *Page 2*












## Facts, Events & Beliefs




Monsoons are the seasonal change of wind direction, which brings huge storms. In Asia, monsoons are very common. Monsoon season begins in May in Asia, and countries such as India, Bangladesh, Nepal, Pakistan and Sri Lanka suffer from heavy rainfall and storms.

Monsoon rain can be a great relief for those areas affected by drought but can also bring about floods and can destroy crops causing famine.

Monsoon is a time of great merriment for people in our part of the world, and quite a season-spoiler for people living in the cooler regions of the planet. But for us in Pakistan, the moment dark clouds gather in the sky and thunder begins to pound its drums, no matter how bad a day we are having, we forget everything and race to the nearest window so that we can hold and touch the first raindrop that falls from the sky.


Out come colourful umbrellas and wipers, as children get drenched in rain every time there is a downpour and mothers rush to the kitchens to make special treats for them to feast on upon their return.

Monsoon is thus, an occasion on its own and no matter how much *Page 2*




بیت السلام ویلفیئر ٹرسٹ (رجسٹرڈ)
Baitussalam Welfare Trust (Regd.)
Kindle the fire of knowledge and meet the basic needs of the deserving and the needy!
Water Wells | Food | Masajid | Ambulance Service | Calamity Relief Services | Coffin Carriers | Medical Assistance | Qurbani sadqa
Baitussalam Welfare Trust, Ground Floor 26-C,Sunset Commercial Street No. 2, hayaban-e-Jami, Phase IV, D.H.A. Karachi - Pakistan. UAN: 021-111 298 111 | Email: info@baitussalam.pk
W W W . B A I T U S S A L A M . P K

BAIT-US-SALAAM YOUTH CLUB
Guidance for Eternity
0310-460-3525




(Part-1)

It's the summer wedding season and while a lot of thought is put into planning wedding, little efforts is put into preparing oneself for the new chapter in life. A good marriage is what is actually important and worth all the efforts.

Here are some tips collected overtime on how to have a happy married life in the light of Islam.

Marriage, especially for Muslims, is a lot more than having someone to call a husband or wife. The marital relationship is an incredible blessing and divine sign, as Allah (SWT) says in the Quran:

"And of His signs is that He created for you from yourselves mates that you may find tranquility in them; and He placed between you affection and mercy. Indeed in that are signs for a people who give thought" (Quran-30:21)

The whole purpose of having a spouse is to find tranquility in and with them; and our relationships with our spouses have signs that Allah (SWT) is asking us to give thought to.

How are some Muslim couples finding this tranquility in their marriage while many others seem to be having a miserable time? What are those couples whose eyes exude deep love and contentment doing right in their relationships?

1. They love each other for Allah's sake

What does it mean to love each other for Allah's sake? It means you make the love and obedience of Allah (SWT) the basis and focus of your relationship with someone else. It means you love someone so much that you want your love for them to last beyond this lifetime and into the Hereafter, where you can live in eternal happiness with them having earned Allah's pleasure together. It means you love someone purely because of how much they remind you of Allah (SWT) and help you get closer to Him.

Hold it right there. I know what you just thought: "but my wife/husband doesn't remind me of Allah at all."

A lot of people who marry each other even for primarily religious reasons end up disappointed after marriage when they suddenly find their spouse not praying all the sunnah prayers (like they thought they would) or reading the Quran everyday or the morning and evening adhkar or fasting Mondays and Thursdays or being excited about attending halaqahs or praying tahajjud or doing something for the Ummah – like they thought they would. Our own restrictions of spirituality to acts of physical or outward worship blind us from seeing how much our spouses contribute to improving our character, which is an unsurpassed form of spiritual growth, because the Prophet (SAW) says:

"Nothing is placed on the Scale that is heavier than good character. Indeed the person with good character will have attained the rank of the person of fasting and prayer." (Tirmidhi)

Your spouse has loved you for Allah's sake every time they have:

stopped you from harboring suspicions or ill-will (about your boss or competitor or any other annoying person in your life)

stopped you from backbiting (about your friends, colleagues, in-laws (ahem))

helped you be more kind and gentle in your speech and manners (to helpers, waiters, laborers, siblings, elders and children)

helped you fulfill people's trusts (by encouraging you to get to work on time and do the best at your job, to pay off your debts, to keep people's secrets)

helped you be more honest with yourself or to others

helped you forgive someone and overlook their faults

helped you become more generous or less extravagant

helped you recognize and overcome the weaknesses of your inner self

In all of the above and so many other times that go unnoticed, committed Muslim spouses consistently help each other get closer to Allah (SWT). They stop each other from anything that may lower them in the sight of Allah (SWT) and constantly help each other win Allah's love.

Truly happy Muslim couples engage in winning Allah's pleasure together whenever and in any way they can: they glorify Allah (SWT) together in the quiet hours of Fajr, they thank Allah (SWT) in tahajjud together, they make it a point to read a minimum amount of Quran everyday, they do regular or even random acts of kindness and charity and they maintain loving and happy ties with each other's families.

2. They are grateful for each other

If there is one fundamental need that exists in every single human relationship, it is the need to feel relevant and appreciated. And there is no other relationship where this need is as grossly overlooked and abused, as in marriage. Why does this happen? Is it because humans tend to take things for granted, especially when they're done by those closest to them?

When you're newly married, every single thing your spouse does for you feels so special. As time goes by, your husband going out to work hard and earn for the family becomes normal; and a few years later it becomes "his duty anyway". Similarly, every meal your new bride cooks is delightful, then somehow the salt always seems to keep getting lesser, till eventually she's "not doing anyone a favor by just doing her job". Sounds familiar? Oh yes, ungrateful Muslim spouse speaking right there!

Happy Muslim couples live and breathe this hadith in their marriage:

"He who does not thank the people is not thankful to Allah." (Abu Dawud)

(to be continued....)

## Baitussalam Welfare Trust: An extremely productive and charitable Ramadan concluded

convenience of people wanting to be a part of this campaign. On the insistence of such people, two locations of Karachi, and the Lahore and Islamabad offices have now become permanent.

# The Baitussalam Youth Club for Girls :




BYCG is organizing a short, one-month long summer course for teenage and adolescent Muslimahs, as a part of the Deen and Duniya Hand in Hand Course Series. The fun-filled, four-week long course will start from the first week of July and will be divided into two sections: Creative Writing and Public Speaking. Starting from 3rd July, classes will take place only twice a week (namely Tuesday and Friday) from 4.00pm to 5.00pm.

The BYCG believes that it is the responsibility of institutions to help inculcate a sense of self-assurance in the Muslim girls of today, a characteristic that sometimes lacks in many due to lack of proper role models and lack of support aimed at cultivating their creative side. The purpose of this short course is to help young Muslim girls enhance their creative skills and build the self-confidence and self-assurance that they require in order to be truly productive and successful Muslimah.

Let's make our summers fun and productive! Register today!

Venue: Markaz-e-Fehmedeen, Opposite Baitussalam Masjid, Phase 4, D.H.A., Karachi.

For registrations and further details, please contact us on: 0323-2970320




BAITUSSALAM FOOD BANK

Your food can make someone happy
for distribution of your excess
and left over food
in a befitting manner to the needy

PLEASE CONTACT

KARACHI 0346-3936637 | LAHORE 0300-0508176 | ISLAMABAD 0342-5409809 | FAISALABAD 0321-2494739 | TALAGANG 03315599723

# Year 2017-18 saw an increase in charitable activities of BSWT:

The year 2017-18 was an extremely busy one for the trust as it took on many new projects and added international projects into its profile. Through BFB, 14 lacs plus individuals received food provisions, 4780 mun meat was distributed and 4 crore 32 lacs breads (rotis) were distributed amongst the Syrian refugees via the roti plant set up there by BSWT.

Approximately 11 crore worth of medications were provided locally and internationally and 30 thousand students received scholarships for higher studies including higher studies in Turkey.

This year saw BWT work actively for our marginalized brothers and sisters in Syria, Rohingya and Palestine along with working for the needy of Pakistan.

The Olympiad 2018, saw almost 80 conventional and Islamic schools and maddarris come together on a common platform in a show of unity and solidarity and comradeship.

# Jamia Baitussalam Karachi and Talagang: Admissions registrations exceed available seats

As the admissions for madaris opened in the month of shawwal, all Quranic Centers of Baitussalam and specially Jamia Baitussalam Karachi and Talagang, received registrations exceeding more than available seats. Allhamdullilah as parents have started realizing the importance of providing religious knowledge to their children along with conventional education, the number of admission seekers in maddarris have increased. Jamia Baitussalam both campuses had to intake more students than initially decided upon.

## Facts, Events & Beliefs

inconvenience it causes our elders and the city district authorities, our love for sweet monsoon rain never diminishes.

But just when you thought you knew everything about rain, I thought of gathering some really interesting facts about rain that would only make you love it more. Here goes

We will never have any more water in our world. All the water that we have now is all we will ever have.

Rain water is absolutely clean and pure. As it soaks into the ground or is evaporated, it is cleaned by the ground or the air.

Big, heavy raindrops can fall at speeds up to 22 miles per hour.

Rain starts off as ice or snow crystals at cloud level and malts on its way down.

Light rain is classified as being no more then 0.10 inches of rain an hour and heavy rain is classified as being more then 0.30 inches of rain an hour.

The umbrella was originally invented by the Egyptians to protect people from the hot Egyptian sun.


Raindrops do not fall in the shape of teardrops; they fall in the shape of a flat oval.

Rain that freezes before it hits the ground is known as frozen rain.

The world's heaviest average rainfall of about 430 inches occurs in Cherrapunji, India, where as much as 87 feet of rain has fallen in one year. Mount Waialeale in Kauai, Hawaii, has up to 350 rainy days every year!

Raindrops range in size from 0.02 inches to about .031 inches.

## Crossword Puzzle July'18-1




ACROSS
1.Surah At Taubah (The________)
2.Surah An Nahl (The ___________)
3.Surah An Najm (The ___________)

DOWN
4.Surah Ar Rad (The_____)
5.Surah Al Anbiya (The_____)
6.Surah Al Furqan (The_____)


**Answers June'18-1**
**Across:** 1-Repentence; 2-Bees; 3-Star
**Down:** 4-Thunder; 5- Prophets; 6-Criterion

**Note: Answers will be published in the July'18-2 issue of TIB**







Baitussalam Publications

Did you ever wish to seek true knowledge to a peaceful life of Islam?
Discover the exciting treasures of wisdom through Baitussalam Publications delivered right to your doorsteps.




☑ Yes! start my subscription for   Date:________
☐ New ☐ Renewal {Reg. #________} ☐ Send a free copy
☐ Gift {From:________ Mobile # ________ Email:________

Name: ________
Address: ________
________
Phone: ________ Mobile: ________
Email: ________

Payment Mode: (Amount in Rs ________ in words:________
☑ Yes! find enclosed ☐ Cheque ☐ Demand Draft ☐ Paid Cash at Shop
☐ Cash on delivery { only for Pakistan @ Rs.75/- for Karachi }
Remarks:________ Rep Name:________

Address: 30-C, Basement, 2nd Commercial Street, Phase-4, D.H.A., Karachi, Pakistan
for further Inquiries: +92 21 35313274, +92-314-2981344, 021-111-298-111
WWW.BAITUSSALAM.ORG/PUBLICATIONS

Designing & Illustration by Fahmedeen Publications

Published by Baitussalam Publications, Karachi-Pakistan | www.baitussalam.org | editor.tib@gmail.com | Printed by : WASA Printers Pvt Ltd.







دی بیت السلام بلیٹن
16 جون تا 15 جولائی 2018ء یکم شوال تا یکم ذی قعدہ 1439ھ

## شاباش اردوان! شاباش ترک عوام

25 جون کو ترک عوام نے اگلے پانچ سال کے لیے رجب طیب اردوان کو واضح ترین اکثریت سے صدر منتخب کیا، پچاس فی صد سے زیادہ ووٹ لینا ضروری تھا، مخالفین کو یہ تو یقین تھا کہ اردوان کے ووٹ ان سے زیادہ ہوں گے، ان کی کوشش یہ تھی کہ یہ ووٹ 50 فی صد سے کم ہوں، تاکہ معاملہ دوسرے مرحلے میں چلا جائے، دوسرے مرحلے میں مزید کوشش کی جاسکتی تھی، نئے حربے، کچھ پینترے اختیار کیے جاسکتے تھے، جب کہ اردوان کے حامی چاہتے تھے، معاملہ پہلے ہی مرحلے میں نمٹ جائے! معاملہ عجیب تھا، انتخابات ترکی میں ہو رہے تھے، لیکن دعائیں پورا عالم اسلام مانگ رہا تھا، سازشیں اور کوشش پوری مغربی دنیا کر رہی تھی۔

اردوان نے نہ صرف اپنے قریب ترین حریف سے بائیس تئیس فی صد زیادہ ووٹ لیے بلکہ مجموعی طور باون فی صد سے زیادہ ووٹ لے کر معاملہ پہلے مرحلے ہی میں نمٹا دیا، یقینا ترک عوام نے اپنے معاملات کے لیے جس کو بہتر سمجھا اس کو پانچ سال کے لیے باگ ڈور دے دی، اب یہ پروپیگنڈا کیا جا رہا ہے کہ جمہوریت کمزور ہوگی، پارلیمنٹ کی اہمیت کم ہوگی۔ اصل میں خلافت عثمانیہ کے احیاء کے لیے رجب طیب اردوان کی کوششوں اور ارادوں نے یورپ اور مغرب کا خون خشک کر رکھا ہے، جب کہ مسلمانان عالم کو بڑے عرصے بعد ایک ایسی شخصیت ملی ہے جس پر انھیں اعتماد ہوا ہے، وہ اس سے توقعات رکھے ہوئے ہیں۔

اب جب انتخابات ہو گئے ہیں، یقینا ترک صدر کے خلاف نئی سازشیں شروع کی جائیں گی، ان سے غلطیاں کروانے کے لیے منصوبے بنیں گے، انسان جب طاقت ور ہوتا تو اکثر غافل بھی ہوجاتا ہے اور اس سے غلطیاں بھی ہونے لگتی ہیں، جس طرح دنیا بھر کے مسلمانوں نے سچے دل سے اردوان کی کامیابی کے لیے دعائیں کی ہیں اب اس سے بڑھ کر ان کی مضبوطی، سمت رخ رکھنے کی دعائیں بھی کریں اور یہ دعائیں لگاتار جاری رہنی چاہییں۔ جہاں تک یورپ اور مغرب کا معاملہ ہے تو یہ طاقتیں مکڑی کے جالے اور مچھر کے پر سے زیادہ بے حقیقت ہیں، یہ طاقتیں جب ناکام ہوتی ہیں تو پھر خانہ جنگی کرواتی اور طرح طرح کی سازشیں سے کرتی ہیں، مسلمانوں کی دعائیں شامل حال رہیں تو امید ہے اردوان کے اقتدار کا نہ صرف رخ ٹھیک رہے گا بلکہ ان کی طاقت میں بھی اضافہ ہوتا رہے اور مسلمانوں کو ان سے جو توقعات ہیں وہ پوری ہوں گی، اللہ کی مدد ہمیشہ شامل حال رہے گی ان شاء اللہ!

# عزت حاصل کرنے کا آسان نسخہ

### مولانا عبدالستار حفظہ اللہ

#### ایمان کی خوشبو چھپتی نہیں

ایک نوجوان حضور ﷺ کی خدمت میں آیا، اللہ کے نبی ﷺ نے اسے کلمہ پڑھا دیا اور فرمایا: بیٹے! اس کلمے کا اظہار نہ کرنا، جب ہم کہیں گے تو پھر اس کا اظہار کرنا۔ یہ نوجوان اپنے چچا کے ساتھ زندگی کے رات دن گزار رہا تھا، چند دنوں کے بعد اس نوجوان کی زندگی جب اس کے چچا کو کچھ بدلی بدلی سی نظر آئی کہ اس کا دیکھنا بدل گیا، اس کا سننا بدل گیا، اس کا بولنا بدل گیا، رات دن بدل گئے اور زندگی کے انداز بدلتے نظر آئے تو چچا کہنے لگا: اے بھتیجے! جو نیا شخص مدینہ منورہ میں آیا ہے کہیں تم اس کے پاس تو نہیں چلے گئے تھے؟ اب ایک طرف اسلام کا تقاضا ہے کہ سچ بولے، لیکن ایسی صورت میں زندگی کے مفادات جاتے ہیں، اور دوسری طرف اگر جھوٹ بولتا ہے تو اسلام کا کوئی جوڑ نہیں۔

مسلمان اور جھوٹ کا کوئی جوڑ نہیں

پیارے نبی ﷺ سے کسی نے پوچھا: کیا مومن شخص بزدل ہوسکتا ہے؟ فرمایا: جی (ایسا ممکن ہے)۔

پھر پوچھا: کیا مومن کنجوس ہوسکتا ہے؟ فرمایا: جی (ایسا ممکن ہے)۔

پھر پوچھا: کیا مومن جھوٹا ہوسکتا ہے؟ فرمایا: نہیں (ایسا ممکن نہیں)۔

یعنی مسلمان اپنے مال سے فطری محبت کی وجہ سے بخیل تو ہوسکتا ہے، اور کمزوری کی وجہ سے بزدل بھی ہوسکتا ہے، لیکن مسلمان جھوٹا نہیں ہوسکتا اس لیے کہ مسلمان اور جھوٹ کا کوئی جوڑ نہیں ہے۔

#### وقت امتحان

اب اس نوجوان پر وقتِ امتحان آگیا۔ چچا نے کہا: بھتیجے! اگر تو اسلام لے آیا ہے تو یاد رکھنا بے لباس کر کے گھر سے نکال دوں گا۔ اب صورتِ حال یہ ہے کہ اگر یہ نوجوان سچ بولتا ہے تو زندگی کے مفادات جاتے ہیں، اور اگر جھوٹ بولتا ہے تو اسلام اس کی اجازت نہیں دیتا۔ کہنے لگا: چچا! ہاں! میں مسلمان ہوگیا ہوں، اب ساری دنیا تو چھوٹ سکتی ہے پر اسلام نہیں چھوٹ سکتا۔ یہ سنتے ہی چچا نے کہا: پھر ٹھیک ہے، اگر تو اس کا دامن نہیں چھوڑتا تو تجھے میرے گھر سے نکلنا پڑے گا اور بے لباس کر کے اسے گھر سے نکال دیا۔ ماں نے دوسرے دروازے سے اپنی اوڑھنی اتار کر اس نوجوان کو دے دی۔ اس نے اس اوڑھنی کے دو ٹکڑے کیے، ایک سے ستر کو ڈھانپا اور دوسری کو کندھے پر ڈال دیا (اسی وجہ سے اس صحابی کا لقب پڑ گیا دو چادروں والا صحابی)

#### قابل رشک انسان

اسی حالت میں حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا، اللہ کے نبی نے ان کا استقبال کیا۔ ان صحابی نے اپنی آپ بیتی سنائی، اس پر حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: بیٹے: ہم تمہارے سب کچھ ہیں۔ پھر اس نوجوان کی ایسی قسمت جاگی کہ حضور ﷺ کی گود میں اس کی روح قبض ہوئی۔ اس موقع پر حضور ﷺ نے فرمایا: ہم سب سے زیادہ اس کے قریبی ہیں، اسے کفن بھی ہم دیں گے، غسل بھی ہم دیں گے اور قبر میں بھی ہم رکھیں گے۔ جب اللہ کے نبی ﷺ اپنے دست مبارک سے ان کی لاش کو قبر میں رکھنے لگے تو ایک روایت کے مطابق حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اور دوسری روایت کے مطابق حضرت عمر رضی اللہ عنہ یہ دیکھ کر کہنے لگے کہ ہماری یہ تمنا ہوئی کہ کاش! آج حضور ﷺ کے ہاتھوں پر لاش ہماری ہوتی۔

#### محفوظ رہنے کا نسخہ

اسلام اور ایمان بہت بڑی نعمت ہے آج ہم اس نعمت کی قدر کریں پھر دیکھیے گا کہ اللہ جل جلالہ ہماری کیسی عزت کرواتے ہیں۔ ہم اس نعمت کا خیال کریں پھر اللہ رب العزت ہمارا خیال کریں گے۔ ہم اس نعمت اسلام کے آج محافظ بن جائیں تو پھر دیکھیں کہ اللہ رب العزت ہماری کیسی حفاظت فرماتے ہیں۔ جب تک مسلمانوں کے معاشرے میں اس نعمت کی قدر و قیمت کا احساس تھا آسمان والا رب بھی ان کا خوب خیال رکھ رہا تھا اور جب سے اس عظیم الشان نعمت کی قدر و منزلت کا احساس ہماری زندگیوں سے مٹ گیا ہے، ہمارے گھروں میں ختم ہوگیا ہے، ہمارے بازاروں سے اُٹھ گیا ہے، دفتروں سے رخصت ہوگیا ہے، اللہ رب العزت نے بھی بطورِ سزا اپنے تحفظ کا سایہ اٹھا لیا ہے، اس لیے کوئی محفوظ نہیں رہا سب کے سب غیر محفوظ ہو چکے ہیں۔ وہ کچے گھر، کھجور کے تنوں سے بنی ہوئی چھت اور کچے پتھروں وے بنی دیواریں اور رہن سہن کے وہ ٹوٹے پھوٹے طریقے لیکن ان گھروں کی چہار دیواری میں چوں کہ اسلام محفوظ تھا، اس کی قدر و قیمت کا انھیں احساس تھا تو اگرچہ وہاں نہ تو آہنی گیٹ تھے، نہ چوکیدار تھے اور نہ ہی تحفظ کی مروجہ شکلیں موجود تھیں مگر گھر کے ہر فرد کی جان، مال، عزت و آبرو محفوظ تھی۔ وہ اللہ آج بھی ہے اور اپنی تمام تر قدرت اور طاقت کے ساتھ ہے، اور اس کی مقرر کردہ تحفظ کی شکلیں نعمتِ اسلام کے ساتھ اہلِ اسلام کے لیے آج بھی ہیں۔

#### ایمان کی کسوٹی

ایک شخص رسول ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا:

اے اللہ کے رسول! ایمان کیا ہے؟ یعنی مجھے کیسے پتا چلے گا کہ میرا ایمان صحت مند ہے یا بیمار؟ صحیح ہے یا کمزور؟ کوئی کسوٹی بتائیں، کوئی معیار سمجھائیں، ایسا نہ ہو کہ کہیں حشر کی منڈی لگ جائے اور یہ ہیرا ہی میرے پاس نہ ہو اور میرا دین اس سے خالی ہو۔ یارسول اللہ! مجھے معیار اور کسوٹی بتادیں کہیں ایسا نہ ہو کہ میرا ایمان اتنا کمزور ہو چکا ہو کہ بازار میں آنکھوں میں حیا نہ پیدا کرسکتا ہو، مجھے کاروبار میں لقمہ حلال پر کھڑا نہ کرسکتا ہو، برادری میں اللہ کا نہ بنا سکتا ہو تو ایمان قبر میں کیا روشنی دے گا؟ محشر کے میدان میں کیا سہارا بنے گا؟ ایسا ٹمٹماتا چراغ کیا کام دے گا؟ اس لیے اس شخص نے کہا: یارسول اللہ! مجھے ابھی سے کوئی ایسی کسوٹی بتادیں کہ میں اپنے ایمان کا ابھی سے جائزہ لے لوں میں کہاں کھڑا ہوں؟ پیارے نبی ﷺ فرمانے لگے: جب تجھے تیری نیکی خوش کردے اور جب تجھ سے کچھ گناہ ہوجائے وہ گناہ تجھے بے چین اور پریشان کردے سمجھ لو تم صاحب ایمان ہو۔

ایمانی لحاظ سے ہم کہاں کھڑے ہیں؟ یہ کسوٹی ہے ایمان کو جانچنے کی کہ ہم اپنی زندگی میں ایمانی لحاظ سے کہاں کھڑے ہیں؟ ہم اس کسوٹی پر اپنی زندگی کو لے کر آئیں کہ جب نیکی ہو تو ہمیں واقعتاً خوشی ہو اور جب خدانخواستہ ہم سے کوئی نافرمانی ہوجائے تو ہمیں بے چینی لگ جائے۔ اگر کسی کی نئی فیکٹری لگ جائے تو اسے کتنی خوشی ہوتی ہے۔ نئے ماڈل کی نئی گاڑی آجائے تو کتنی خوشی ہوتی ہے۔ بیٹا صاحب روزگار ہوجائے تو کتنی خوشی ہوتی ہے۔

اسی طرح بڑھیا ایمان کی علامت یہ ہے کہ اگر میرا یہی بیٹا فجر کی نماز باجماعت پڑھنے لگ جائے تو کیا مجھے اس سے زیادہ خوشی ہوتی ہے؟ میری بیٹی کے چہرے پر حیا کی چادر آجائے تو کیا مجھے اس سے زیادہ خوشی ہوتی ہے؟ میری اولاد کو لقمہ حلال کی فکر ہوجائے تو کیا مجھے اس سے زیادہ خوشی ہوتی ہے؟ گاڑی کو ٹھوکر لگ جائے تو کیسی بے چینی ہوتی ہے؟ چند ٹکے لٹ جائیں کیسی بے چینی ہوتی ہے؟ لیکن میرے گھر میں اللہ جل جلالہ کی نافرمانی کی چیزیں آجائیں، میرے بیٹے آوارہ ہونے لگ جائیں اور میری بیٹیوں کی نگاہوں سے حیا ختم ہوجائے تو کیا مجھے اس سے زیادہ بے چینی ہوتی ہے؟ اگر ہوتی ہے تو سمجھ لیں کہ ایمان کی دولت موجود ہے۔

#### حقیقی مسلمان کی تصویر

جب مسلمان اس نعمت کے معاملے میں حساس ہوتا ہے تو پھر اللہ رب العزت اسے یہ نعمت عطا فرماتے ہیں، اور جب اس کی قدر نہیں کرتا تو پھر صرف صورتاً مسلمان نظر آتا ہے، حقیقتاً اس کے پاس ایمان کی دولت نہیں ہوتی۔ جیسے صورتاً اگر ایک سیب ہو اور ایک حقیقی سیب ہو تو دونوں میں بڑا فرق ہے، اگرچہ دور سے آپ کو دونوں سیب ہی نظر آئیں گے لیکن جو صورتاً سیب ہے اس میں کشش نہیں ہوگی، اس میں ذائقہ نہیں ہوگا، اس میں توانائی نہیں ہوگی، اس میں خوش بو نہیں ہوگی لیکن جو حقیقی سیب ہے اس میں ذائقہ بھی ہے، خوش بو بھی ہے، توانائی بھی ہے، طاقت بھی ہے، لطافت بھی ہے اور اس میں کشش بھی ہے۔ اسی طرح دیکھنے میں تو بظاہر دونوں مسلمان ہیں مگر ایک صورتاً ہے اور ایک حقیقتاً، دونوں میں بڑا فرق ہے۔ اللہ ہم سب کو حقیقی، سچا، پکا اور کھرا مسلمان بنادے۔ آمین

**بقیہ دی بیت السلام بلیٹن 1**

کے بے پناہ اصرار اور چاہت پر کراچی کے دو نئے اور اسلام آباد و لاہور کے دفاتر کو مستقل دفتر کا درجہ دے دیا گیا ہے، یہ دفتر عید کے بعد بھی اہل خیر کی توجہ کا مرکز بنے ہوئے ہیں۔

**بقیہ دی بیت السلام بلیٹن 2**

بنک کے مطابق عید کے بعد دو ہفتے میں تقریبا 2500 افراد تک کھانا پہنچایا گیا، کراچی کے ساتھ اسلام آباد، لاہور، فیصل آباد اور تلہ گنگ میں فود بنک کے رضا کار غریب بستیوں، اسپتالوں، بسوں کے اڈوں سمیت جہاں جہاں مستحق افراد کو دیکھتے ہیں، انھیں کھانا تقسیم کرتے ہیں۔

**بقیہ دی بیت السلام بلیٹن 3**

میں عامۃ الناس کے لیے ہیپا ٹائٹس کی علامات، احتیاط، بچاؤ اور علاج سے متعلق معلومات شائع اور نشر کی جا رہی ہیں، اس مہم کا آغاز رمضان المبارک کے آخری عشرے میں اسٹال کے ذریعے کیا گیا، بیت السلام بیسک ہیلتھ یونٹ علاج سے متعلق عملی اقدامات شروع کرنے کا پروگرام بھی زیر غور رکھے ہوئے ہے، اہل خیر کے تعاون سے وسائل کے مطابق مستحق افراد کا فری علاج کروایا جائے گا۔

**بقیہ دی بیت السلام بلیٹن 4**

علاقوں میں مستحق افراد تک راشن، کپڑے اور افطاریاں تقسیم کی گئیں ※ متاثرین شام کے لیے غذائی اور دیگر ضروری اشیاء پر مشتمل 61 کنٹینر بھیجے گئے، اہل شام ہی کے لیے ایک کروڑ سے زیادہ مالیت کی چالیس ہزار افطاریوں کا اہتمام کیا گیا، 6 کروڑ مالیت کے ملبوسات بھیجے گئے اسی طرح روہنگیا مہاجرین کی سحری، افطاری کے لیے ایک کروڑ سے زیادہ مالیت کی غذائی اشیاء بھیجی گئیں، پہلی بار فلسطین کے مسلمانوں کے لیے بھی بڑی مقدار میں افطاری اور دیگر غذائی اشیاء بھیجی گئیں کراچی کے ساتھ لاہور اسلام آباد، فیصل آباد اور تلہ گنگ میں بیت السلام فوڈ بنک فعال رہا اور اس نے ملک بھر میں تقریبا ستر ہزار افراد تک پکا پکایا کھانا پہنچایا۔

**بقیہ دی بیت السلام بلیٹن 5**

اپنے قد میں یقینا اضافہ کیا ہے، ترکی و شام کے سنگم پر واقع روٹی پلانٹ سے سال بھر میں 4 کروڑ 32 لاکھ روٹیاں فراہم کی گئیں، بیت السلام فوڈ بنک اور عمومی دسترخوان سے تقریبا 14 لاکھ 60 ہزار افراد کو کھانا کھلایا گیا، قربانی کے علاوہ سال کے دوران مختلف مواقع پر مختلف مقامات پر 4780 من گوشت تقسیم کیا گیا، 57500 افراد تک راشن پہنچایا گیا، مستحق افراد میں کپڑوں کے 97072 جوڑے تقسیم کیے گئے، 27 ہزار سے زائد لوگوں کو جوتے پہنائے گئے، 43 ہزار سے زیادہ افراد کو چھت فراہم کی گئی، تقریبا 11 کروڑ روپے کی طبی خدمات انجام دیں 30 ہزار سے زیادہ طلبہ کو اسکالر شپ دی گئی، 72942 کمبل اور 47480 جرسیاں و شالیں تقسیم کی گئیں، اولمپیاڈ 2018 کے ذریعے 80 سے زیادہ دینی اور عصری تعلیمی اداروں کے تقریبا 2500 طلبہ کو اتحاد کے لیے قوم، قبیلے، رنگ و نسل، مذہب و مسلک سے بالا تر ہو کر اسٹیج فراہم کیا۔

**بقیہ دی بیت السلام بلیٹن 6**

اس کیمپ میں تربیت اور تفریح کے حسین امتزاج کے لیے اہتمام کیا گیا ہے۔

**بقیہ دی بیت السلام بلیٹن 7**

والے زائرین کو 50 ہزار سعودی ریال جرمانہ ہوگا جبکہ 6 ماہ قید بھی ہوگی۔ سعودی حکام نے واضح کیا ہے کہ عمرہ کے دوران غائب ہونے والوں کی ذمے داری ٹورز آپریٹرز پر عائد ہوگی، عمرہ زائرین کے وقت مقررہ پر واپس نہ آنے پر ٹورز آپریٹر کے لائسنس منسوخ کیے جاسکتے ہیں۔

**بقیہ دی بیت السلام بلیٹن 8**


میں تیل کے سب سے بڑے ذخائر ہیں۔ سعودی عرب کی آئل کمپنی 'ارامکو' کے سابق مشیر اور شاہ سعود یونیورسٹی میں ارضیات کے استاد پروفیسر ڈاکٹر عبدالعزیز بن لعبون نے بتایا کہ سعودی عرب کے جنوب میں البطحاء گذرگاہ کے قریب وادی الرمہ اور وادی السھباء کے درمیان تیل کی دولت سے مالا مال اس علاقے کو 'بقعۃ' کہا جاتا ہے۔ یہاں پر خام تیل کے ذخائر سے پتا چلتا ہے کہ یہ علاقہ تیل کے وسیع ذخائر کے اعتبار سے دنیا کا سب سے زرخیز مقام ہے جہاں تیل کے ذخائر کے حجم کا تخمینہ چار ارب 40 کروڑ بیرل لگایا گیا ہے۔

## مرکز فہم دین فیز 4 شعبہ دوپہر میں خواتین کے لیے 2 سالہ دراسات دینیہ کورس




وفاق المدارس سے ملحق شدہ دراسات دینیہ کورس ان خواتین کے لیے ہے جو اپنی گھریلو زندگی میں مصروفیت کے باعث کم وقت میں دین کی تعلیم حاصل کرنا چاہتی ہیں۔ اس کورس کے تحت 2 سال کے مختصر عرصے میں عربی گرامر، سیرت رسول ﷺ، فقہ (بہشتی زیور)، معارف الحدیث، لغۃ العربیۃ اور تفسیر القرآن (مکمل) جیسے مضامین پڑھائے جاتے ہیں۔ کورس کے ذمے داران طالبات سے امید رکھتے ہیں کہ روزانہ مدرسہ کے علاوہ کم ازکم 2 گھنٹے اسباق کی دہرائی میں ضرور صرف کریں تاکہ زیادہ سے زیادہ ان علوم میں مہارت حاصل ہوسکے۔ مزید تفصیلات کے لئے رابطہ کیا جاسکتا ہے 03230970320

## ای بیت السلام کی طرف سے آن لائن عربی گرامر کورس




ا۔ عربی زبان میں خواتین کی دلچسپی کے پیش نظر ای بیت السلام نے آن لائن 6 ماہ کے عربی کورس کا اہتمام کیا ہے۔ کورس ان شاء اللہ 19 جولائی کو شروع ہوگا اور ہفتے میں تین دن پیر، جمعرات اور جمعہ کو رات ساڑھے دس بجے ہوگا۔ کورس کے اختتام پر کامیاب شرکاء کو اسناد بھی دی جائیں گی۔

## خواتین کے لیے آن لائن تجوید کورس




الحمدللہ بیت السلام میں جہاں خواتین اور مرد حضرات کو علم دین سے متعارف کرانے کے لئے بالمشافہہ مختلف کورس کروائے جاتے ہیں وہیں ای بیت السلام کی طرف سے خواتین کے لئے گھر بیٹھے علم تجوید حاصل کرنے کے منفرد اور سنہری طریقے کی بھی بنیاد رکھی گئی ہے۔ یہ کورس ہفتے میں 4 دن ہوتا ہے، اس کا دورانیہ ایک گھنٹہ رکھا گیا ہے اور 7-6 مہینے کے مختصر عرصے میں خواتین کو تجوید کے قوانین کے ساتھ ساتھ عم پارہ کی مشق کرائی جاتی ہے۔ اس کورس کی مزید تفصیلات کے لئے رابطہ کریں 03232970320 یا ہماری ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں۔

## مرکز فہم دین فیز 4 شعبہ دوپہر میں شارٹ کورس

Short Courses Offered at Markaz-e-Fahmedeen PH-4 (Afternoon)

| S. # | Course Name | Duration | Days & Timings |
| --- | --- | --- | --- |
| 1. | Tafseer (تفسیر) | 1 year | 3:30 - 4:30 Wed Only (صرف بدھ) |
| 2. | Tarjuma (ترجمہ) | 1 year | 3:30 - 4:30 Tues Only (صرف منگل) |
| 3. | Arabic Grammer & Conversation (عربی گرامر اور بول چال) | 1 year | 3:30 - 4:30 (Mon, Thurs & Fri) (ہفتے میں 3 دن) |
| 4. | Fiqh (روزمرہ کے مسائل اور ان کا حل) | 3 Months | 4:30 - 5:30 Mon Only (صرف پیر) |
| 5. | Important Lessons from the Life of Holy Prophet (اسوۂ رسول سے کامیاب زندگی کے اصول) | 2 Months | 4:30 - 5:30 Thurs Only (صرف جمعرات) |
| 6. | Social Etiquttes (آداب معاشرت) | 1 year | 3:30 - 5:00 Fridays Only (صرف جمعہ) |
| 7. | Visions (اپنا مقصد حیات جانیے) | 3 Months | 4:30 - 5:30 Wed Only (صرف بدھ) |

For registration please contact: Markaz-e-Fahmedeen, Opposite Baitussalam Masjid, Defence Phase-4, Karachi. Cell: 0323-2970320

(Only for Ladies)

مرکز فہم دین فیز 4 شعبہ دوپہر میں خواتین کے لیے کچھ شارٹ کورس شروع کیے جا رہے ہیں۔ یہ کورس مختلف مضامین پر اور ہفتے کے مختلف دنوں میں کروائے جائیں گے تاکہ ہر عمر اور ہر پیشے سے تعلق رکھنے والی خواتین اس سے فائدہ اٹھا سکیں۔ ان کورسوں کی مکمل تفصیلات کے لئے درج ذیل نقشے سے ملاحظہ کی جاسکتی ہیں، مزید معلومات کے لیے 03232970320 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے



